# نماز حضرت امام موسیٰ کاظمؑ

یہ دو رکعت ہے جسکی ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورہ حمد اور بارہ مرتبہ سورہ توحید پڑھیں۔ نماز کے بعد حضرت کی یہ دعا پڑھیں

**إِلٰهِی خَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لَکَ، وَضَلَّتِ الْاَحْلامُ فِیکَ، وَوَجِلَ کُلُّ شَیْءٍ مِنْکَ، وَهَرَبَ کُلُّ**

اے معبود! تیری بارگاہ میں آوازیں لرز جاتی ہیں اور تیرے حضور میں تصورات گم ہوجاتے ہیں ہر چیز تجھ سے خوف کھاتی ہے اور ہر

**شَیْءٍ إِلَیْکَ، وَضَاقَتِ الْاَشْیَاءُ دُونَکَ، وَمَلاَ کُلَّ شَیْءٍ نُورُکَ، فَأَنْتَ الرَّفِیعُ فِی جَلالِکَ،**

چیز تیری طرف دوڑ رہی ہے تمام اشیاء تیرے سامنے ہیچ ہیں اور تیرے نور نے ہر چیز کوگھیر لیا ہے پس

**وَأَ نْتَ الْبَهِیُّ فِی جَمَالِکَ ، وَأَ نْتَ الْعَظِیمُ فِی قُدْرَتِکَ، وَأَ نْتَ الَّذِی لا یَؤُودُکَ شَیْءٌ یَا**

تو اپنے جلال میں بلندتر ہے اور تو اپنے جمال میں روشن تر ہے تو اپنی قدرت میں بزرگتر ہے اور تو ہی وہ ہے جسے کوئی چیز تھکاتی نہیں اے

**مُنْزِلَ نِعْمَتِی، یَا مُفَرِّجَ کُرْبَتِی، وَیَا قَاضِیَ حَاجَتِی،أَعْطِنِی مَسْأَلَتِی بِلاَ إِلٰهَ إِلَّا أَ نْتَ، آمَنْتُ بِکَ**

مجھ پر نعمت نازل کرنے والے اے میرے دکھ دور کرنے والے اور اے میری حاجت برلانے والے میری خواہش پوری کر دے کہ تیرے سوا کوئی معبود

**مُخْلِصاً لَکَ دِینِی، أَصْبَحْتُ عَلَی عَهْدِکَ وَوَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ، أَبُوءُ لَکَ بِالنِّعْمَةِ،**

نہیں میں تجھ پر ایمان لایا ہوں تیرے دین میں مخلص ہوں میں نے تیرے عہد و پیمان پر قائم رہتے ہوئے صبح کی ہے اپنی حد تک تیری نعمتیں سمیٹ رہا ہوں

**وَأَسْتَغْفِرُکَ مِنَ الذُّنُوبِ الَّتِی لا یَغْفِرُها غَیْرُکَ، یَا مَنْ هُوَ فِی عُلُوِّهِ دَانٍ، وَفِی دُنُوِّهِ عَالٍ،**

میں اپنے گناہوں پر تجھ سے بخشش کا طلبگار ہوں جنکو سوائے تیرے کوئی معاف نہیں کرسکتا اے وہ جو اپنی بلندی میں نزدیک اور نزدیکی میں بلند ہے

**وَفِی إِشْرَاقِهِ مُنِیرٌ، وَفِی سُلْطَانِهِ قَوِیٌّ، صَلِّ عَلی مُحَمَّدٍ وَآلِهِ.**

اور روشنی میں منور کرنے والا ہے اور سلطنت میں قوی ہے محمدؐ و آلِ محمدؑ پر رحمت فرما۔